© rasailojaraid.com



مستفید و مستنیر ہو اللہ رب العلمین نے اردو ترجمہ کی سعادت صدیق محترم حضرت مولانا معروف شاہ شیرازی کو نصیب فرمائی جو قدیم اسلامی علوم کے ساتھ جدید علوم وافکار پر بھی نظر رکھتے ہیں۔ یہ ترجمہ چھ ضخیم جلدوں میں مکمل ہوکر زیور طبع سے آراستہ ہوچکا اور ہر لحاظ سے قابل اعتماد ترجمہ ہے۔ اس کی اشاعت کا شرف شاہ شیرازی صاحب موصوف کے صاحبزادے عارف شیرازی صاحب کو حاصل ہوا ہے۔ تہہ دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں جو اردوزبان ہی جانتے ہیں اس سے مستفید اور بہرہ ور ہونے کا زیادہ سے زیادہ توفیق عطافرمائے اور اسکی زیادہ سے زیادہ اشاعت ظہور میں آئے ہے

تحریر: محمد طاسین عفی عنہ، خادم مجلس علمی کراچی۔

---

فیوضات درخواستی مع مجربات درخواستی۔ افادات :- شیخ الحدیث مولانا شفیق الرحمان صاحب درخواستی مدظلہ۔ مرتب :- مولانا حماداللہ صاحب درخواستی۔ ضخامت :- ۲۶۰ صفحات۔

قیمت :- ۷۰ روپے مجلد۔ ناشر :- شعبہ نشرواشاعت جامعہ عبداللہ بن مسعود خانپور ضلع رحیم یارخان

شیخ الحدیث مولانا شفیق الرحمان صاحب درخواستی ، حافظ الحدیث مولانا عبداللہ صاحب درخواستی قدس سرہ کے علمی جانشین اور کبار اولیاء امت کی روحانی نسبتوں کے امین ہیں۔ مولانا بہلویؒ کے جانشین حضرت مولانا عبدالحق صاحب نے آپ کو خلافت دیگر سلاسل اربعہ میں بعیت کی اجازت مرحمت فرمائی ہے اور ہزاروں افراد و مسترشدین آپ کے فیوض وبرکات سے مستفید اور مستفیض ہورہے ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب فیوضات درخواستی مع مجربات درخواستی کی تبویب ترتیب کی اجازت دیگر بقول مولانا مفتی عبدالستار صاحب آپ نے امت مسلمہ پر عظیم احسان فرمایا ہے۔ اس کتاب کے مرتب آپ کے فرزند جوکہ خود بھی ایک جامع الصفات شخصیت ہیں اس کتاب کی ترتیب ہی سے آپ کے حسن ذوق کا پتہ چلتا ہے۔ کتاب چارابواب پر مشتمل ہے۔ پہلے باب میں سلوک وتصوف کے مسائل دوسرے باب میں سلاسل اربعہ کے اسباق تیسرے باب میں مسنون دعائیں اور چوتھے باب میں وہ عملیات و مجربات ہیں جو حضرت شیخ الحدیث صاحب کو حضرت دین پوریؒ ، حضرت لاہوریؒ، حضرت بہلویؒ اور حضرت درخواستیؒ سے براہ راست حاصل ہوئے ہیں۔ سالکین ومسترشدین حضرات کیلئے یہ کتاب انتہائی مفید ہے اور موجودہ دور کے پریشان کن حالات سے نجات کیلئے باعث تسکین بھی۔ اللہ تعالیٰ صاحب افادات اور جامع ومرتب کو اجرجزیل عطا فرمائے جنہوں نے اس بیش بہا قیمتی ذخیرہ کو عامۃ المسلمین کے فائدہ کیلئے شائع کیا۔ (م اف)

© rasailojaraid.com